ڈسٹرکٹ پولیس آفس / شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (336)

19.06.23

**بہاولپور( ) ڈی پی او سید محمد عباس کی موثر حکمت عملی، پولیس کی گزشتہ ایک ہفتہ کی کارکردگی رپورٹ جاری۔60 مجرمان اشتہاری و16 عدالتی مفروران سمیت 76 ملزمان گرفتار،40 لاکھ روپے سے زائد کا مال مسروقہ ونقدی برآمد ہوا۔شہری معاشرتی امن کی راہ میں رکاوٹ بننے والوں کی نشاندہی کریں، پولیس ہرصورت ایسے عناصر کو جیل کی سلاخوں کے پیچھے پہنچائے گی،ڈی پی او سید محمد عباس**

تفصیل کے مطابق آئی جی پنجاب کی ہدایات کی روشنی میں ڈی پی او بہاولپور سید محمد عباس کی جرائم کنٹرول کرنے کی حکمت عملی کے نتائج عیاں ہیں۔ بہاول پور پولیس نے گزشتہ ایک ہفتے میں منشیات فروشوں،شراب فروشوں اور ناجائز اسلحہ برآمد کرنے کے علاوہ 40 لاکھ روپے سے زائد مالیت کا مال مسروقہ ونقدی برآمد کیا۔ بہاول پور پولیس نے 24 مقدمات درج کر کے ان میں ملوث 24 ملزمان کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 18 کلو 590 گرام چرس،620 لیٹر شراب چالو بھٹیاں قبضہ پولیس میں لیں۔ بہاول پور پولیس نے منشیات فروشوں کے خلاف مزید کارروائیاں عمل میں لاتے ہوئے 02 کلو 400 گرام ہیروئن برآمد کر کے ملزمان کو جیل بھجوایا۔ ناجائز اسلحہ کے خلاف کریک ڈاؤن کرتے ہوئے 18 مقدمات درج اور 18 ملزمان کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 18 پسٹل برآمد کر لئے۔ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس نے گزشتہ ایک ہفتے کی کارکردگی کے حوالے سے بات کرتے ہوئے کہا کہ شہریوں کا پولیس سے تعاون/اطلاع دینے پر مزید جرائم پیشہ عناصر کو قابو کرنے سے جرائم میں کمی واقع ہوسکتی ہے۔شہری معاشرتی امن کی راہ میں رکاوٹ بننے والوں کی نشاندہی کریں، پولیس ہرصورت ایسے عناصر کو جیل کی سلاخوں کے پیچھے پہنچائے گی۔انہوں نے مزید کہا کہ ضلع بہاولپور کو پرامن ضلع بنانے کا خواب ضرور شرمندہ تعبیر ہوگا۔

ترجمان بہاولپور پولیس



بہاولپور: ڈی پی او سید محمد عباس کی موثر حکمت عملی، پولیس کی گزشتہ ایک ہفتہ کی کارروائیوں کے دوران گرفتار ملزمان

ڈسٹرکٹ پولیس آفس/ شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(337)

19-06-2023

**بہاولپور( )ڈی پی او سید محمد عباس نے جدید ٹیکنالوجی کا استعمال کرتے ہوئے ملزمان اور جرائم پیشہ افراد کو قانون کے کٹہرے میں لانے کے احکامات جاری کر دیے۔گزشتہ کچھ عرصے میں دو لاکھ پچاس ہزار سے زائد افراد اور 58 ہزار زائد وہیکلز کو چیک کیا گیا۔**

تفصیلات کے مطابق آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کی جانب جدید ٹیکنالوجی کو زیر استعمال کرتے ہوئے جرائم کی روک تھام کے احکامات جاری کیے۔اسی سلسلے کو جاری رکھتے ہوئے ڈی پی او سید محمد عباس نے ضلع بھر کے تمام فیلڈ افسران کو جدید پولیس ایپس اور سینٹرالائیز ڈ سسٹم کے ذریعے ملزمان اور جرائم پیشہ افراد کو گرفتار کرنے کا ٹاسک دیا۔ ڈی پی او سید محمد عباس نے احکامات جاری کرتے ہوئے کہا کہ E.police post, crime prevention app, CRO system, CRI system, hotel eye, E gadget, travel eye سافٹ ویئرز کو استعمال کرتے ہوئے اشتہاری مجرمان، عدالتی مفروران،مفرور ملزمان اور جرائم پیشہ افراد کو قانون کے کٹہرے میں لایا جائے،کسی صورت یہ بات قابل برداشت نہیں کہ افسران ان ایپس کا استعمال نہ کریں۔انہوں نے کہا کہ پولیس نے گزشتہ کچھ عرصے میں جدید ٹیکنالوجی کے استعمال سے دو لاکھ پچاس ہزار سے افراد اور 58 ہزار سے زائد گاڑیوں کو چیک کیا۔جن میں سے 145 مطلوب وہیکلز کو ضبط کرنے کے ساتھ 116 اشتہاری مجرمان کو قانونی گرفت میں لیا۔مستقبل میں بھی اسی طرز پر مزید موثر کارروائیاں عمل میں لائی جائیں۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاولپور: ڈی پی او سید محمد عباس نے جدید ٹیکنالوجی کا استعمال کرتے ہوئے ملزمان اور جرائم پیشہ افراد کو قانون کے کٹہرے میں لانے کے احکامات جاری کر دیے